11802 ـ بخاری اورمسلم کےعلاوہ اور کس نےصحیح احادیث جمع کی ہیں ؟

سوال

بخاری اورمسلم کے علاوہ احادیث صحیحہ کوجمع کرنے والے اورکون ہیں (جوصحیح مانی جاتی ہیں) ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

بخاری اور مسلم رحمہمااللہ کے علاوہ بھی کچھ ایسے علماء ہیں جنہوں نے احادیث صحیحہ کوجمع کیا ہے مثلا ابن خزیمۃ اور ابن حبان نے اپنی صحیح ابن حبان اور صحیح ابن خزیمۃ میں ، اور ابن السکن نے اپنی صحیح اورامام حاکم نے مستدرک حاکم میں ، اور ضیاء المقدسی نے المختارۃ میں ۔

لیکن ان میں سے کسی کا بھی یہ کام صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے درجہ تک نہیں پہنچا ۔ .